يٰۤاَيُّهَا	النَّاسُ	اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ	الَّذِىْ	خَلَقَكُمْ	وَالَّذِيْنَ
اے	لوگو!	عبادت کرو اپنے رب کی	جس نے	پیدا کیا تمہیں	اور ان لوگوں کو جو

مِنْ قَبْلِكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَتَّقُوْنَ ﴿21﴾	الَّذِىْ	جَعَلَ لَكُمُ	الْاَرْضَ	فِرَاشًا	وَّالسَّمَآءَ
تم سے پہلے تھے،	تاکہ تم	تم پرہیز گار بن جاؤ!	جس نے	بنایا تمہارے لیے	زمین کو	فرش	اور آسمان کو

بِنَآءً ۖ	وَّاَنْزَلَ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	فَاَخْرَجَ بِهٖ	مِنَ الثَّمَرٰتِ
چھت،	اور نازل کیا	آسمان سے	پانی	پھر نکالا اس کے ذریعہ	پھلوں سے

رِزْقًا لَّكُمْ ۚ	فَلَا تَجْعَلُوْا	لِلّٰهِ	اَنْدَادًا	وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿22﴾
رزق تمہارے لیے	پس نہ ٹھہراؤ	اللہ کے لیے	کوئی شریک	جبکہ تم جانتے ہو۔

مختصر شرح

- يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ...: قرآن ساری انسانیت کے لیے ہے، اس لیے اللہ نے یہ نہیں کہا کہ اے عرب یا اے ایشیا والو! بلکہ کہا، اے لوگو!
- اُعْبُدُوْا رَبَّكُمُ---: تخلیق کا مقصد: صرف ایک اللہ کی عبادت یعنی محبت اور خلوص کے ساتھ سچے بندے اور غلام کی طرح اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرنا۔ کیوں؟ اس لیے کہ اسی نے ہم سب کو بہترین انداز میں پیدا کیا ہے۔ ہمارا وجود ہی اس کے ہونے کا ثبوت ہے!
- عبادت کا نتیجہ؟ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ تاکہ تم گمراہ ہونے سے بچ سکو، اللہ کی ناراضی سے بچ سکو، اور آخرت میں آگ سے بچ سکو۔ جتنا خلوص کے ساتھ ہم اللہ کی عبادت کریں گے، اللہ تعالیٰ اتنا ہی زیادہ تقویٰ ہم کو عطا کرے گا۔
- الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ...: اپنے نیچے بچھی ہوئی زمین کو اور اوپر پھیلے ہوئے آسمان کو دیکھیے۔ اوپر سے برستی بارش کو دیکھیے، پھلوں کو دیکھیے جو خاص طور پر ہمارے لیے بنائے گئے ہیں۔ اگر آم، جام، موز، سیب اور سنترے رائی کے دانے جیسے ہوتے تو ہم کیا کرتے؟ اللہ نے ان کو ایسا بنایا ہے کہ ہمارے ہاتھ میں آجائیں! ان کی جلد اتنی صاف رکھی ہے کہ ہم اس کو پکڑ سکیں، ان میں خوشبو رکھی کہ ہمیں کھانے میں تکلیف نہ ہو، ان پھلوں میں زبان کے لیے مزہ رکھا ہے کہ ہم مزے سے کھائیں، اتنے نرم بنائے کہ ہم اس کو چبا سکیں! ہر چیز اللہ نے خاص ہمارے لیے بنائی ہے!
- جب صرف اللہ نے سب کچھ محبت کے ساتھ اور ہمارا خوب خیال رکھ کر بنایا ہے تو ہمیں اللہ کے علاوہ کسی اور کی عبادت ہرگز نہیں کرنی چاہیے۔

اسباق، دعا اور پلان : ان آیات سے کئی اسباق، دعائیں اور پلانس بنائے جاسکتے ہیں۔ نیچے بطور مثال صرف چند کا ذکر ہے۔

- قرآن نے تمام لوگوں کو دعوت دی ہے کیونکہ قرآن تمام لوگوں کے لیے ہے۔
- اللہ کی عبادت کرو تاکہ تقویٰ حاصل ہو اور دنیا اور آخرت کے نقصان سے بچو۔
- ایمان میں زیادتی کے لیے کائنات میں غور وفکر۔
- شرک مت کرو کیونکہ رزق صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

دعا: اے اللہ! مجھے تیرے پسندیدہ طریقہ پر عبادت کرنے کی توفیق دے اور ہر طرح کے شرک سے میری حفاظت فرما!

پلان: ان شاء اللہ! میں کچھ اوقات کائنات میں غور وفکر پر گزاروں گا اور سائنس کی کتابوں کا مطالعہ کروں گا تاکہ میرے ایمان میں زیادتی ہو۔

اسماء وافعال : اس سبق کی آیات میں آنے والے کچھ اسماء اور افعال نیچے دیے گئے ہیں۔

اسماء

واحد	جمع	معانی
سَمَاء	سَمَاوَات	آسمان
ثَمَرَة	ثَمَرَات	پھل
نِدّ	أَنْدَاد	شریک

افعال: ہر فعل کے تحت دیے گئے تین افعال اور تین اسماء کی TPI کے ساتھ مشق کیجیے

تکرار	مادہ اور کوڈ	فعل ماضی	فعل مضارع	فعل امر	اسم فاعل	اسم مفعول	کام کا نام	معانی
143	ع ب د ذ	عَبَدَ	يَعْبُدُ	أُعْبُدْ	عَابِد	مَعْبُوْد	عِبَادَة	عبادت کرنا
248	خ ل ق ذ	خَلَقَ	يَخْلُقُ	أُخْلُقْ	خَالِق	مَخْلُوْق	خَلْق	پیدا کرنا
346	ج ع ل ف	جَعَلَ	يَجْعَلُ	اِجْعَلْ	جَاعِل	مَجْعُوْل	جَعْل	بنانا
122	ر ز ق ذ	رَزَقَ	يَرْزُقُ	أُرْزُقْ	رَازِق	مَرْزُوْق	رِزْق	رزق دینا
518	ع ل م س	عَلِمَ	يَعْلَمُ	اِعْلَمْ	عَالِم	مَعْلُوْم	عِلْم	جاننا